سوال

(137)پانی میں ناپاک شئے کا پڑنا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

پانی میں ناپاک شئے پڑجائے توکیاوہ پلید ہے۔؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

پانی کو خداتعالیٰ نے پاک پیدا کیا ہے یہ دوطرح نجس ہوتا ہے۔

1۔ نجاست کی وجہ سے اس کا رنگ ، بو، مزا بدل جائے تو وہ پلید ہوجاتا ہے۔ خواہ تھوڑا ہو یا بہت۔

2۔ اندازاً پانچ مشک سے اسکی مقدار کم ہو تو نجاست کے پڑنے سے پلید ہوجاتا ہے۔ خواہ رنگ ، بو یا مزہ بدلے یا نہ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت 'پانی کا بیان، ج1ص234

محدث فتویٰ